RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۲ جمادی الاول سنہ ۱۳۲۹ھ مطابق ۲۲ مئی سنہ ۱۹۱۱ء	جلد ۲۳

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اختیارات افسران صیغہ جات	۱ و ۲
۲	عطاء اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول بصاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر	۲
۳	اجراء حروف خطابی ہمراہ نام خطاب یافتگان پیشگاہ	۲ و ۳
۴	تقرر مسٹر ابراہیم علیخان بعہدہ نائب کانگ	۳
۵	تبدیلی پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ	"
۶	نقشہ جات شوعات و نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم
واقع یکم مئی سنہ ۱۹۱۱ء

(۱) سکرٹری صاحبان کو یہ اختیارات حاصل ہین کہ اپنے ماتحتون کو جبکہ ان پر کوئی قصور عدول حکمی وغیرہ ثابت ہو معطل کردین اور رپورٹ اطلاعی معطلی بصراحت قصور اجلاس ہمایون مین بھیجدین۔

(۲) اب بنظر سہولی کار ما بدولت و اقبال منظور فرماتے ہین کہ افسران

مندرجہ ذیل بھی اپنے ماتحتونکو جبکہ انپر کوئی قصور عدم ملی حکمی وغیرہ ثابت ہو جاوے معطل کر سکتے ہین اور سات روپیہ تک تنخواہ کے ملازمان کو برخاست کر سکتے ہین لیکن رپورٹ اطلاعی معطلی و موقوفی اجلاس ہمایون مین بھیجنا چاہیے۔

یہ اختیارات امتحاناً چھہ ماہ کیواسطے دیے جاتے ہین۔ آیندہ اگر اس طرز عمل سے اسلوبی کارپائی گئی تو نسبت مستقلی اختیارات حکم مناسب ہو سکیگا۔

الف۔ صیغہ تعمیرات صاحب ایگزیکٹو انجنیر۔

ب۔ صیغہ مال۔ حاکم صاحب صدر۔ صاحب مہتمم بندوبست ناظم صاحب۔ صاحب سپرنڈنٹ پولیس۔ صاحب سپرنڈنٹ آبکاری۔ صاحبزادہ محمود علیخان بہادر منیجر کارخانہ شکرسازی۔

ج۔ ہوم ڈپارٹمنٹ۔ صاحب اسٹیٹ سرجن۔

د۔ جوڈیشل ڈپارٹمنٹ۔ صاحب سشن جج۔ صاحب مجسٹریٹ ضلع کو اپنے اپنے ملازمان کورٹ و دفاتر کے متعلق اختیارات مندرجہ بالا حاصل ہونگے۔

ہ۔ کارخانہ جات۔ صاحب سپرنڈنٹ ذات خاص۔ صاحبزادہ محمود علیخان بہادر منیجر فارم۔

(۳) دربارہ تقرر و اضافہ و موقوفی جو اختیارات سکرٹری صاحبان کو بذریعہ احکام مجریہ سابقہ حاصل ہین بدستور رہین گے انہین اس حکم سے کوئی تعلق نہین۔

حکم ہوا کہ

احکام ضابطہ جاری ہون۔ ایک نقل اسکی براے درج گزٹ بھیجدی جاے۔

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع یکم مئی سنہ ۱۹۱۱ع

مثبتہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر مشمولہ کاغذات رپورٹ داروغہ پرائیوٹ روڈ باطلاع آنکے بدمعاشان وغیرہ توڑنے نارنگیان از پرائیوٹ روڈ و انتظام مناسب مع رپورٹ ہیڈ کانسٹبل پولیس تھانہ خواص شہر

پرائیوٹ روڈ زیر انتظام صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر ہے اس سڑک پر جسقدر کہ جرائم فوجداری ہون انکی تجویز صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کے اجلاس سے ہوگی ما بدولت و اقبال صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کو اختیارات مجسٹریٹی درجہ اول دیا جانا منظور فرماتے ہین فیصلہ صاحب پرائیوٹ سکرٹری بہادر کا اپیل حسب ضابطہ اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر مین ہوا کریگا۔ احکام ضابطہ جاری کردیے جاوین۔ ایک نقل اس حکم کی صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر کے پاس اور ایک نقل براے درج گزٹ بھیجدیجاے۔

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۵ مئی سنہ ۱۹۱۱ع

ترجمہ آرمی آرڈر نمبری ۱۲۶ مورخہ ۹ مارچ سنہ ۱۹۱۱ع ۱۲۶ صلہ خطاب بانڈین آرڈر آف میرٹ حضور ہز ایکسلنسی کمانڈر انچیف صاحب بہادر ذیل کے اشتہار گزٹ آف انڈیا کو مکرر شایع کرنے محکمہ فوج مین نہایت خوشی سے اظہار مسرت فرماتے ہین۔

فوجی محکمہ **خطاب** ۱۰ حضور نواب گورنر جنرل بہادر کشور ہند اس امر کے ظاہر کرنے مین اظہار مسرت فرماتے ہین کہ ہز مجسٹی ملک معظم شہنشاہ ہند نے

با لطاف شاہانہ انڈین آرڈر آف میرٹ کے خطاب پانے والونکو خواہ وہ فوجی ہون یا سول کے زمرے سے ہون اجازت اس امر کی عطا کی گئی کہ وہ اپنے اپنے نام بعد حروف - آئی - او - ایم - تحریر کیا کرین - لہذا ہم بھی بخوشی ان حروفونکا اجرا کرنا ریاست ہذا مین اشخاص مندرجہ مضمون سطور بالا کی نسبت منظور فرماتے ہین - اطلاعاً آرڈر ہذا جاری ہو -

آرمی آرڈر پیشگاہ بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۰ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

بنظر مناسب مسٹر محمد ابراہیم خان خلف مسٹر محمد اسحاق خانصاحب بہادر مابدولت واقبال کے اسٹاف مین بعہدہ ایڈیکانگ مقرر کیا جاتا ہے - انکو دو سو پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ ملٹری ڈپارٹمنٹ سے ملے گی - لفٹنٹ کا رینک دیا جاتا ہے - ۹ مئی سنہ ۱۹۱۱ء سے عملدرآمد ہو چکا حکم دفتر مین سہے -

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۳ مئی سنہ ۱۹۱۱ء

منشئہ رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر دربارہ اضافہ پرنسپل مدرسہ عالیہ -

رپورٹ منظور ہے - مولوی فضل حق صاحب پرنسپل مدرسہ عالیہ کی تنخواہ مین بیس روپیہ ماہوار اضافہ کیا جاوے - کاغذات برائے اجراء احکام صاحب ہوم سکرٹری بہادر کے پاس مرسل ہون -

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض سر رسانند

جناب عالی

حسب منظوری اجلاس ہمایون محکومہ ۹ جون سنہ ۱۹۱۰ء مولوی فضل حق صاحب بشاہرہ اسی روپیہ پرنسپل مدرسہ عالیہ مقرر ہوے تھے - ہنگام تقرر وعدہ کیا گیا تھا کہ کام دیکھکر ایک سال کے عرصے مین بیس روپیہ کا اضافہ دیا جائیگا - مولوی صاحب کے زمانہ تقرر اور خوش انتظامی سے مدرسہ اب بہت اچھی حالت مین ہے - قبل اسکے بعض وجوہ سے جو کچھ بدنظمی تھی اسکی پوری اصلاح ہوگئی - جناب قبلہ وکعبہ مولوی سید نجم الحسن صاحب مجتہد العصر والزمان سفارش فرماتے ہین کہ ازراہ قدردانی انکی تنخواہ پوری سو روپیہ ماہوار کردیجاوے جان نثار بھی اس تجویز سے متفق ہے - واقعی باعتبار لیاقت وخوش انتظامی مولوی صاحب موصوف مستحق اضافہ ہین - علاوہ اصلاح معاملات مدرسہ مولوی صاحب کی توجہ وکوشش سے ٹیکہ طاعون کی جانب لوگونکے خیالات مین بہت اصلاح ہوی اور امداس کام مین بھی مدد ملی مدرسین وطلبا نے بھی ٹیکہ لیا - پرنسپل صاحب کا طرز عمل وانتظام نہایت مفید وپسندیدہ ہے بجٹ مین گنجائش بھی ہے عرضداشت ہذا بامید منظوری ترقی موجودہ بیست روپیہ ابلاغ اجلاس عالی کی گئی -

دولت واقبال روز افزون باد

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۵ مئی لغایت ۲۱ مئی ۱۹۱۱ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۰	۰	۱۴ مار	۱۴ مار	۰	دیگر تحصیلات سے نرخنامہ نہیں آیا۔
نخود خالص	۰	۰	۰	یکمن	۲۱ مار	۰	
نخود کسہ اشتینہ	۰	۰	۰	یکمن ۵ مار	۰۲۳ مار	۰	
کسہ	۰	۰	۰	۰	۲۵ مار	۰	
ماش	۰	۰	۰	۱۱ مار	۰۹ مار	۰	
مونگ	۰	۰	۰	۰	۱۰ مار	۰	
مکا	۰	۰	۰	یکمن ۵ مار	۳۵ مار	۰	
جئی	۰	۰	۰	یکمن	۳۰ مار	۰	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۲۰ مار	۰	
عدس	۰	۰	۰	۰	۲۰ مار	۰	
ارہر	۰	۰	۰	۰	۲۵ مار	۰	
برنج	۰	۰	۰	۷ مار	۷ مار	۰	
روغن زرد	۰	۰	۰	[illegible] مار	[illegible] مار	۰	
روغن سیاہ	۰	۰	۰	۲ مار	۳ مار	۰	
روغن کنجد	۰	۰	۰	[illegible] مار	۳ مار	۰	
نمک سامبر	۰	۰	۰	۱۳ مار	۱۵ مار	۰	
نمک لاہوری	۰	۰	۰	۰	۰	۰	
قند سیاہ	۰	۰	۰	۸ مار	۰۶ مار	۰	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۱۸ مار	۰	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور

نقشہ حیات و ممات متعلقہ ریاست رامپور بابت ششماہی سن ابتدائے اکتوبر سنہ ۱۹۱۰ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۱۱ء

نام مقام	تفصیل پیدائش							تفصیل فوتی																	میزان از خانہ ۱۹ لغایت ۲۵	کیفیت
	مرد		عورت		میزان	تفصیل مذہب		ایک سال سے ۵ سال تک		۵ سال سے ۱۲ سال تک		۱۲ سال سے زیادہ		میزان		تفصیل مذہب		تفصیل امراض								
	مسلمان	ہندو	مسلمان	ہندو		مسلمان	ہندو	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مرد	عورت	مسلمان	ہندو	ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	دیگر درندہ جانوروں کا زخمی ہونا	طاعون		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۰۹	۵۴	۱۵۷	۲۹	۴۴۹	۳۶۱	۸۸	۱۷۷	۱۵۲	۱۷۳	۱۹۰	۵۶۱	۷۱۲	۹۱۱	۱۰۵۵	۱۳۷۶	۵۹۰	۱۷	۳۷	-	۴۳۲	۰	۱	۱۳۶۹	۱۹۶۶	
گنج	۱۰۹	۲۱	۸۶	۹	۲۹۵	۲۶۵	۳۰	۱۷۲	۱۳۴	۱۴۵	۲۰	۶۴۸	۶۹۸	۸۳۵	۱۰۳۲	۱۵۳۶	۳۳۱	۰	۱۱	۰	۳۶۲	۰	۰	۱۴۹۳	۱۸۶۷	
حوالی شہر	۸۶	۷۳	۶۳	۷۰	۲۹۲	۱۴۹	۱۴۳	۲۷	۲۲	۲۷	۲۳	۱۲۰	۱۰۵	۱۷۴	۱۵۱	۱۲۹	۱۷۶	۶	۰	-	۳۱۹	-	۰	۰	۳۲۵	
عظیم نگر	۱۵۵	۱۳۹	۱۶۱	۱۲۶	۵۹۱	۳۱۶	۲۷۵	۴۲	۵۸	۲۲	۸	۱۶۵	۱۳۴	۲۵۹	۲۰۰	۲۳۳	۲۲۶	۱۵	۰	۳	۲۳۷	۳	۱	۰	۲۵۹	
شاہ آباد	۱۰۲	۲۸۵	۱۱۷	۳۳۱	۹۳۵	۲۱۹	۷۱۶	۱۳۳	۱۲۴	۴۱	۳۹	۳۳۷	۲۴۷	۵۱۱	۴۱۰	۲۴۰	۶۶۱	۸	۲	۸۱۵	۰	۱	-	۹۵	۹۲۱	
پٹوائی	۶۱	۲۹۲	۴۹	۳۰۰	۶۰۲	۱۱۰	۴۹۲	۵۱	۷۰	۱۹	۲۱	۲۳۳	۱۸۲	۳۰۳	۲۷۳	۱۲۶	۵۵۰	۳۵	۷	۰	۶۲۳	۰	۰	۰	۶۷۶	
ملک	۶۴	۲۰۹	۳۶	۲۲۹	۶۰۸	۱۰۰	۵۰۸	۱۶۱	۱۳۷	۶۸	۸۱	۴۵۱	۴۰۷	۶۸۰	۶۲۵	۲۶۹	۱۰۳۶	۱۰۹	۵	۰	۱۰۰۵	۴	۱	۱۸۱	۱۳۰۵	
بلاسپور	۱۴۷	۱۸۳	۱۴۳	۱۳۷	۶۱۰	۲۹۰	۳۲۰	۷۵	۷۸	۱۶	۱۷	۲۳۵	۱۸۱	۳۲۶	۲۷۳	۳۱۰	۲۸۹	۰	۶	۰	۵۷۹	۳	۰	۱۱	۵۹۹	
کیمری	۱۲۹	۲۵۱	۸۰	۱۷۳	۶۳۳	۲۰۹	۲۲۴	۷۱	۵۵	۲۱	۹	۱۸۶	۱۲۷	۲۷۸	۱۹۱	۱۷۷	۲۹۲	۰	۰	۳۶۴	۰	۵	۰	۰	۳۶۹	
سوار	۳۱۹	۱۶۶	۹۴	۱۳۰	۷۰۹	۴۱۳	۲۹۶	۱۱۴	۱۰۲	۲۲	۳۲	۱۹۲	۱۷۵	۳۲۹	۳۰۹	۳۷۸	۲۶۰	۰	۱	۰	۶۲۴	۱	۰	۱۲	۶۳۸	
ٹانڈہ	۲۹۹	۱۹۳	۲۰۶	۱۵۹	۸۵۸	۵۰۵	۳۵۳	۱۳۹	۱۱۹	۵۲	۴۰	۳۵۲	۳۲۰	۵۴۳	۴۷۹	۶۰۴	۴۱۹	۵۵	۲	۸۲۴	۳	۱	۰	۱۲۷	۱۰۲۳	
میزان	۲۴۳۵	۲۰۵	۱۲۹۲	۱۵۹۳	۶۵۸۲	۲۹۳۷	۳۶۴۵	۱۱۹۲	۱۰۶۱	۶۵۶	۶۵۸	۳۳۴۱	۳۲۸۴	۵۲۳۹	۵۰۰۸	۵۳۱۷	۴۸۳۰	۲۵۵	۱۱۱	۲۱۱۶	۴۶۹۵	۱۸	۳	۲۱۵۹	۱۰۲۵۷	